NORWEGIAN MINISTRY OF
JUSTICE AND PUBLIC SECURITY

Guide on how to avoid terrorist funding

آپ کے تعاون کا غلط استعمال کیا جا سکتا ہے



آپ کے تعاون کا غلط استعمال کیا جا سکتا ہے

1.   خیراتی کاموں کے لئے چندے کی فراہمی۔

ناروے میں تنظیموں اور اداروں کے ذریعے خیراتی و رفاہی کاموں کےلئے رقم اکٹھا کرنا ایک بہترین اور پرانا رواج ہے۔

دنیا بھرمیں واقع ہونے والے بدترین آفات اورانسانی بحرانوں کے تعلق سے فنڈ جمع کئے جاتے ہیں۔ رقم کا ایک بڑا حصہ مختلف خیراتی پروگراموں کے ساتھ رابطوں کی مدد سےاکٹھا کیاجاتا ہے، جیسے«TV-aksjonen»کی سالانہ مہم۔

اس کے علاوہ تہواروں اور مختلف نجی پیمانے پرتنظیموں اور اداروں کی ایک بڑی تعداد کے ذریعہ حاجتمندوں کے لئے مسلسل چندے جمع ہوتے رہتے ہیں۔ اس طرح کے چندے مختلف مذہبی طبقوں کے ذریعہ باقاعدہ طورپر بھی جمع کئے جاتے ہیں، جیسے چرچ سروس یا جمعہ کی نماز میں ہونے والے چندے۔

یہ جمع شدہ فنڈ مختلف تنظیوں اور جماعتوں کے پاس ان کے خیراتی منصوبوں میں تعاون کرنے کے لئے دستیاب فنڈز کی ایک بڑی مقدار کی نمائندگی کرتے ہیں۔

2. دہشتگردی کی حمایت

چندہ دینے سے قبل باریکی سے جانچ کرلیں۔ اگر آپ کو شبہ ہوکہ آپ کی رقم کہاں خرچ ہوگی یا اسے کس کام کے لئے استعمال کیا جائے گا، تو آپ چندہ دینے سے قبل انتظار کرلیا کریں۔

اس بات پر یقین کرنے کے شواهد موجود هیں کہ جو فنڈز ناروے میں جمع کئے گئے ہیں انہیں کبھی کبھی دہشتگردی یا ان گروہوں کو سرمایہ فراہم کرنے کے لئے استعمال کئے گئے ہیں جو دہشتگردی کو ایک آلہ کار کے طورپر اپناتے ہیں۔

بین الاقوامی تجربہ یہ بتاتا ہے کہ ایسی تنظیمیں قائم کی جارہی ہیں جن کا واحد مقصد دہشت گردی اور ملوث دہشت گردوں کی حمایت کرنا ہے۔ یہ ایسی بات ہے جس پر ایک طویل عرصہ سے بین الاقوامی اور قومی سطح پر توجہ مرکوز کی گئی ہے ۔

دوسرے ممالک کی طرح ناروے میں ہم نے ان افراد یا تنظیموں جو دہشت گردی میں ملوث ہیں یا اس کی حمایت کرتے ہیں ، کے حق میں، فنڈز یا دیگر قسم کے تعاون کی منتقلی کو روکنے کے لئے قوانین و ضوابط متعارف کرائے ہیں ۔

دہشت گردی کی مالی اعانت پر پابندی ناروے پینل کوڈ کی دفعہ 147 بی میں مقرر کی گئی ہے ۔
دہشت گردی کے عمل کی قانونی تعریف ناروے پینل کوڈ کے دفعہ 147 میں پائی جاتی ہے ۔

دہشت گردی کے لئے سرمایہ کی فراہمی ایک قابل سزا جرم ہے

ناروے پینل کوڈ کی دفعہ 147 بی

دہشت گردی کی مالی اعانت یا اس طرح کی کسی جرم میں مدد کرنا یا اس کے لئے اکسانا ایسا جرم ہے جس کی سزا قید ہے جس کی مدت 10 سال سے زیادہ نہ ہو۔

درج ذیل کام مجرمانہ عمل ہیں :

- ایسے افراد، گروہوں ، تنظیموں یا اداروں کو فنڈز یا دیگر املاک کی منتقلی جو دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث ہیں یا اس میں مدد کرتے ہیں۔
- ایسے افراد، گروہوں ، تنظیموں یا اداروں کے حق میں فنڈز جمع کرنا جو دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث ہیں یا اس میں مدد کرتے ہیں۔
- ایسے افراد، گروہوں، تنظیموں یا اداروں کو فنڈ، دیگر املاک، بینک خدمات یا دیگر مالیاتی خدمات فراہم کرنا جو دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث ہیں یا اس میں مدد کرتے ہیں۔
- ایسے منصوبوں کی حمایت کرنا جو بالواسطہ طورپر کسی دہشت گرد گروہ کے قیام یا اس کی کارروائی کا حصہ ہوسکتے ہیں۔

3. فنڈ منتقلی کا غیر رسمی نظام

ناروے سے ہرسال سینکڑوں ملین ناروے کرونر (ناروے کرنسی)، غیر رسمی فنڈ منتقلی نظام کے ذریعے بیرون ملک منتقل کر دئے جاتے ہیں جسے اکثر Hawala بینکس کہا جاتا ہے۔ ان فنڈز میں سے زیادہ تر دنیا کے دیگر حصوں میں خاندان کے ارکان اور دیگر اچھے کاموں میں مدد دینے کے لئے منتقل کیے جاتے ہیں۔

یہ Hawala بینکس دہشت گردی کی مالی اعانت کےتعلق سے خطرے کا پیش خیمہ ہیں ۔ اکثر اس طرح غیر رسمی فنڈ کی منتقلی کے نظام کے ذمہ دار افراد کو یہ جانکاری یا سوجھ بوجھ نہیں ہوتی ہو گی کہ یہ فنڈز کون موصول کرتا ہے اور اسے کس کام میں استعمال کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، وہ یہ خطرہ بھی مول لے سکتے ہیں کہ انفرادی لین دین کے کچھ حصے (اخراجات/ فیس) سے دہشت گرد گروہوں کی مالی اعانت میں مدد مل سکتی ہے۔

4. دہشت گردی کے اخراجات

کسی بھی دہشت گردانہ کارروائی کو انجام دینے کے پیچھے اکثر طویل مدتی منصوبہ بندی اور متعلقہ اخراجات ہوتے ہیں۔ دہشت گرد گروہ کی مستحکم مالی اعانت ہی اس گروہ کی دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث ہونے کی صلاحیت کو بڑھاتی ہے۔ اگر ان کے سرمایہ کی فراہمی کم ہوتی ہے تو یہ خطرہ کم ہوجاتا ہے۔

5. اپنے پیسے کا صحیح استعمال کریں

دہشت گردی میں ملوث افراد یا ان سے منسلک کاموں کے لئے فنڈز جمع کرنے سے بچنے کے لئے آپ یا آپ کی تنظیم کچھ کرسکتی ہے۔

- جائزہ لیں اور اپنے عقل سلیم کا استعمال کریں۔
- جس تنظیم کو آپ چندہ دے رہے ہیں اس کے مقاصد، اس کے شرکاء اور انتظامیہ کی جانچ کریں۔ ان کی مقبولیت کی حد کا پتہ لگائیں۔
- جولوگ فنڈ جمع کررہے ہیں ان سے بنیادی سوالا ت پوچھیں اور ان کے حوالات معلوم کریں جن سے ان کی سنجیدگی کا پتہ چل سکے۔ اس میں انٹرنیٹ پر ان کی ویب سائٹیں، سینٹرل کوآرڈینیٹنگ رجسٹرار فار لیگل انٹیٹیز کے ساتھ رجسٹریشن، اکاؤنٹس اور ان کے ذریعے انجام دیئے گئے سابقہ منصوبوں کی جانکاری شامل ہوسکتی ہیں۔۔

- بیرون ملک خاندان کے افراد اور دوسروں کو ذاتی فنڈ منتقل کرنے کے لئے ان کمپنیوں کا استعمال کریں جن کے پاس بیرون ملک فنڈ منتقل کرنے کا لائسنس ہو۔ ان کے لائسنسوں کو فائنانشیل سوپروائزری اتھارٹی آف ناروے کی ویب سائٹ www.finanstilsynet.no پر دستیاب لائسنس رجسٹر میں دیکھ کر جانچ کیا جاسکتا ہے۔

- یہ جانچ کرلیں کہ جو تنظیم رقم جمع کررہی ہے آیا وہ فنڈ فراہمی رجسٹرار کے ساتھ رجسٹرڈ ہے۔ فنڈ فراہمی رجسٹرار کو لازمی طورپر لوگوں کو یہ یقین دلانا چاہئے کہ جو فنڈ وہ دے رہے ہیں اسے متعینہ مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ رجسٹرار کے ساتھ رجسٹریشن رضاکارانہ طورپر کیا جاتا ہے۔ رجسٹرار سے متعلق مزید تفصیلات www.innsamlingskontrollen.no پر دیکھی جاسکتی ہیں۔

- فنڈ جمع کرنے والی تنظیم کو بروناسنڈ رجسٹرسنٹر www.brreg.no، اور اگر مناسب ہوتو فاؤنڈیشن اتھارٹی کے فاؤنڈیشن رجسٹرارwww.stiftelsestilsynet.no پر جانچ کریں۔ آپ کسی فاؤنڈیشن کے رجسٹریشن کو فاؤنڈیشن رجسٹرار میں با آسانی اور مفت جانچ کرسکتے ہیں کہآیا یہ فاؤنڈویشن رجسٹرڈ ہے اور اس فاؤنڈیشن کے مقاصد و اہداف تک بھی براہ راست رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ تمام رجسٹرڈ بورڈ ممبروں اور آڈیٹروں کی فہرست بھی پائیں گے۔

- آپ یہ بھی جانچ کر سکتے ہیں کہ آیا وہ تنظیم یا فرد جسے آپ کا چندہ دیا گیا ہے وہ اقوام متحدہ کی دہشت گردی کی فہرست میں ہے۔ یہ فہرستیں اقوام متحدہ کی ویب سائٹ www.un.org/sc/committees/1267/aq_sanctions_list.shtml پر دیکھی جاسکتی ہیں۔

- چندہ دینے سے قبل باریکی سے جانچ کرلیں۔ اگر آپ کو شبہہ ہوکہ آپ کی رقم کہاں جارہی ہے یا اسے کس کام کے لئے استعمال کیا جائے گا، تو آپ چندہ دینے سے قبل تھوڑا انتظار کرلیں۔

Published by:
Ministry of Justice and Public Security

This publication is available in PDF format here:
www.radikalisering.no and www.goverment.no/jd

Publication number: G-0428 (Urdu)

Design/illustration: 07 Gruppen